PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

دوسرا ون ڈے: ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے پاکستان ویمنز اے کو 3 وکٹوں سے ہرادیا

- ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی کپتان راشادا ولیمز کے 71 رنز، پاکستان ویمنز اے کی وکٹ کیپر سدرہ نواز کی نصف سنچری

لاہور 26 اکتوبر، 2023ء:

ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے پاکستان ویمنز اے کو دوسرے ون ڈے میں 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔

اسطرح اس نے تین میچوں کی سیریز ایک ایک سے برابر کردی۔ پہلا ون ڈے پاکستان ویمنز اے نے 8 رنز سے جیتا تھا۔ تیسرا اور آخری ون ڈے 29 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

لاہور کے غنی انسٹی ٹیوٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز اے کو بیٹنگ دی جس نے 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 188 رنز بنائے۔

جواب میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی ٹیم نے 49.5 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔

پاکستان ویمنز اے کی اننگز میں شوال ذوالفقار اور ایمان فاطمہ نے 62 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ شوال ذوالفقار نے چار چوکوں کی مدد سے 32 اور ایمان فاطمہ نے چار چوکوں کی مدد سے 25 رنز اسکور کیے

93 رنز پر 5 وکٹیں گرنے کے بعد سدرہ نواز اور نورین یعقوب نے چھٹی وکٹ کے لیے 43 رنز کا اضافہ کیا۔ سدرہ نواز نے 85 گیندوں پر 50 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی جس میں چار چوکے شامل تھے۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی طرف سے ایشمینی مونیسر نے 21 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کیانا جوزف نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی اننگز میں کپتان راشادا ولیمز نے 94 گیندوں پر 71 رنز اسکور کیے۔ شبیکا نے 25 اور زیدا جیمز نے 23 رنز کی اننگز کھیلی۔

پاکستان ویمنز اے کی طرف سے انوشے ناصر نے 36 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور:

پاکستان ویمنز اے 188 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) سدرہ نواز 50، شوال ذوالفقار 32، ایشمینی 21 / 3 وکٹ

ویسٹ انڈیز ویمنز اے 189 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (49.5 اوورز) راشادا ولیمز 71، انوشے ناصر 36 / 3 وکٹ

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000

Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial